
# Our MULTILINGUAL VOICES

موسم سرما/بہار 2024 | www.houstonisd.org/voices | اشاعت III، شمارہ 2

## اپنے بچے کو TELPAS کے لیے تیار کرنے میں کیسے مدد دیں

## اطفال اور خاندان




دو لسانی ابھرتے طلباء کو STAAR کے ساتھ TELPAS ٹیسٹ بھی دینا ہو گا۔ Texas پبلک اسکولز میں TELPAS ایسے طلباء کے لیے جائزاتی پروگرام ہے جو کہ انگریزی زبان سیکھ رہے ہیں۔ TELPAS کے حروف Texas انگریزی زبان میں مہارت کا جائزاتی نظام (Texas English Language Proficiency Assessment System) کے مخفف ہیں۔ Texas تعلیمی ایجنسی نے ریاستی و وفاقی تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے TELPAS تیار کیا ہے۔ Texas ہر سال ایسے K–12 طلباء کی انگریزی زبان میں مہارت کا جائزہ لیتا ہے جن کی شناخت زبان کی چار ڈومینز — سننے، بولنے، پڑھنے، اور لکھنے میں انگریزی متعلمین (English learners, ELs) کے طور پر ہوئی ہو۔ TELPAS اُس پیش رفت کا جائزہ لیتا ہے کہ جو ہر ایک EL تدریسی انگریزی کے استعمال میں مہارت حاصل کرنے کے دوران پاتا ہے۔

درج ذیل لنک والدین کو ریاستی جائزوں کے بارے میں باخبر رکھے گا اور اس سے طلباء کے لیے مفید وسائل تلاش کیے جا سکتے ہیں۔ والدین جائزاتی پروگرام کے توسط سے براؤز کر سکتے ہیں اور وسائل جیسا کہ متعلقہ ٹیسٹس، کتب تلاش کرنے والے ٹولز، خصوصی تعلیم کے عمل کے بارے میں شعور اجاگر کرنے والے وسائل، اور دو لسانی ابھرتے طلباء کے لیے معاونت اور بہت کچھ تلاش کر سکتے ہیں۔

طلباء اور خاندانی لنک کے لیے یہاں کلک کریں (texasassessment.gov)

## TELPAS ٹیسٹنگ ونڈو 2023-2024

| ٹیسٹ کی تاریخیں | TELPAS |
|---|---|
| جائزاتی ونڈو<br>19 فروری – 29 مارچ | TELPAS گریڈز K-12 سننا، بولنا، پڑھنا، اور لکھنا |
| **ٹیسٹ کی تاریخیں** | **TELPAS متبادل** |
| جائزاتی ونڈو<br>19 فروری – 29 مارچ | TELPAS متبادل گریڈز 2-12 سننا، بولنا، لکھنا، اور لکھنا |

TEA ٹیسٹنگ کے مکمل کیلنڈر کو دیکھنے کے لیے یہاں کلک کریں (texas.gov)

## TELPAS تجاویز برائے والدین

طلباء کو STAAR اور TELPAS کے لیے تیاری میں مدد دینے کے لیے والدین کو یہاں مفید معلومات ملیں گی۔ یہ مفید تجاویز اور سرگرمیاں طلباء کو TELPAS کے لیے تیاری کرنے میں مدد دے سکتی ہیں۔ یہ سرگرمیاں TELPAS کی چار لسانی ڈومینز پر توجہ مرکوز کرتی ہیں— سننا، بولنا ، پڑھنا، اور لکھنا۔

یہاں کلک کریں اپنے بچے کو تیاری میں مدد دینے کا طریقہ (texasassessment.gov)

## STAAR چیک لسٹ برائے والدین

والد/والدہ کی حیثیت سے، آپ کا مقصد اپنے بچے کو زندگی میں کامیابی حاصل کرنے میں مدد فراہم کرنا ہے۔ اسکول میں اور STAAR ٹیسٹ میں بہتر کارکردگی دکھانے میں ان کو مدد دینے کے لیے آپ کیا کر سکتے ہیں۔ چیک لسٹ کی کاپی یہاں سے ڈاؤن لوڈ کریں۔

https://www.texasassessment.gov/-/media/project/client-portals/texas/pdf/2020-2021/parents-checklist-3.pdf

## آپ کا مستقبل، ہمارا مقصد




**بروز ہفتہ، 17 فروری، 2024 ہمارے ساتھ شامل ہوں**
**برائے کثیر اللسانی والد/والدہ اور کمیونٹی ایونٹ**
**وقت: صبح 9:00 بجے – دن 12:00 بجے**

**Hattie Mae White Educational Support Center**

**W 18th St., Houston, TX 77092 4400**

اس ایونٹ میں HISD خاندانوں اور کمیونٹی کے اراکین کو، طلباء کو پیش کردہ کالج کے مواقع سے متعلق موضوعات پر، تعلیمی ماہرین سے سیکھنے کا ایک موقع فراہم کیا جاتا ہے۔



## اسکول چوائس اپ ڈیٹس

HISD ایک کھلے اندراج کے انتخاب کا ضلع ہے، جہاں ایک خاندان ضلع کے کسی بھی ایسے اسکول میں درخواست دے سکتا ہے جو طالب علم کی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ اسکول چوائس کا عمل خاندانوں کو ایک ہی درخواست کے توسط سے گردونواح اور خصوصی اسکول کے ہزاروں اختیارات میں سے انتخاب کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

درخواست دینے کے لیے یہاں کلک کریں: ***choosehisd.my.site.com/Apply/SiteLanding***

| | |
|---|---|
| GT ٹیسٹنگ کی درخواست کرنے والے والدین کے لیے ڈیڈلائن | 12/8/2023 |
| مرحلہ ایک درخواست کھلی ہیں (لاٹری کے لیے درخواست دیں) | 1/18/2024 |
| مرحلہ ایک درخواست کی تاریخ* | 2/23/2024 |
| لاٹری کی اطلاع کی تاریخ (طالب علم کے موافق اسکول) | 3/26/2024 |
| مرحلہ دو درخواستیں کھلی ہیں (وہ طلباء جنہوں نے لاٹری میں پوزیشن قبول نہیں کی اور پھر بھی کسی دوسرے اسکول میں داخلہ لینا چاہتے ہیں وہ کسی بھی اسکول میں درخواست دے سکتے ہیں جہاں جگہ دستیاب ہو۔) | 3/26/2024 |
| مرحلہ ایک اسکول میں قبولیت کی ڈیڈلائن (طلباء جو اپنے موافق اسکول کو قبول کرنا چاہتے ہیں وہ اس تاریخ تک ایسا لازمی کریں۔) | 4/09/2024 |
| مرحلہ دو درخواست کا وقت ختم ہو گیا ہے | جلد آنے والا ہے |

### اسکول چوائس کے عمل کی تاریخیں

اسکول چوائس کے عمل کی عمومی جائزے کی ویڈیو دیکھنے کے لیے یہاں کلک کریں۔ ***https://youtu.be/6UUxLBqeHk4***

مزید معلومات، ایونٹس کے مکمل کیلنڈر، اور ان کے اگلے اسکول چوائس فیئر ایونٹ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے HISD اسکول چوائس ہوم پیج وزٹ کریں:

**23 مارچ 2024، صبح 9 تا دن 12 بجے**
**Lamar ہائی اسکول**
**HISD اسکول چوائس / ہوم پیج *(houstonisd.org)***

## Sunrise Center تک رسائی حاصل کرنے کا طریقہ




- **Sunrise Center وزٹ کریں:** اپنی کمیونٹی کے کسی بھی Sunrise Center میں بلاجھجھک تشریف لائیں۔ ہمارا خیر مقدمی عملہ آپ کے کوئی بھی سوالات یا آپ کو ممکنہ طور پر درکار معاونت میں مدد دینے کے لیے مستعد ہے۔
- ***یہاں کلک کریں*:** براہ کرم ان ٹیک فارم بھریں، اور ہماری Sunrise Center ٹیم کا ایک رکن آپ سے فوری طور پر رابطہ کرے گا۔
- **اسکول کے عملے کے ساتھ منسلک ہوں:** اپنے کیمپس کے احاطہ کار ماہر، مشیر، استاد، یا نرس سے رابطہ کریں۔ وہ آپ کی مخصوص ضروریات کے مطابق تیار کردہ Sunrise Center کے مناسب وسائل کے حوالے سے آپ کی رہنمائی کرنے کے لئے لیس ہیں۔

### پروگرام کی بنیادی خدمات

- طبی نگہداشت
- ذہنی صحت
- کیس کی تنظیم
- کپڑوں/یونی فارم کی دکان
- خوراک کے گودام اور مارکیٹس
- طالب علم اور والد/والدہ افزودگی




ہمارے تمام کثیر اللسانی پروگرام نیوز لیٹرز برائے والد/والدہ تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ***یہاں*** کلک کریں یا QR کوڈ اسکین کریں۔

Urdu

## میئرز دفتر برائے تعلیم







ہائی اسکول کے طلباء کو کالج میں داخلے کی تیاری کے دوران مدد درکار ہو سکتی ہے۔ اسکالرشپس، کالج کی منصوبہ بندی میں معاونت، اور مالی اعانت کے بارے میں معلومات کے لئے شہر Houston کے میئرز کا دفتر برائے تعلیم کا صفحہ وزٹ کریں۔ ***https://www.houstontx.gov/education/ccp-scholarships.html***

CaféCollege Houston کے توسط سے کالج کی منصوبہ بندی کے لئے اضافی معاونت حاصل کریں۔ Carnegie Neighborhood Library (کارنیگی نیبرہڈ لائبریری) اور سینٹر فور لرننگ کے اندر واقع ہے۔ نوجوانوں، پہلی بار کالج کی تعلیم حاصل کرنے والے طلباء، اور بالغ متعلمین کے لیے اہم وسائل تلاش کریں۔ خدمات مفت ہیں اور تجربہ کار عملے کے ساتھ قابل رسائی ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ تمام متعلمین کالج اور کیریئر کے لئے تیار ہیں۔

وہ مالی اعانت کی پیش کش کرتے ہیں، کالج میں اندراج کروانے میں مدد کرتے ہیں، اور ان کا بالغ خواندگی پروگرام بالغ متعلمین کے لئے خواندگی میں مہارت حاصل کرنے کے لیے مفت ٹیوشن فراہم کرتا ہے۔

***https://houstonlibrary.org/cafecollege-houston***

## TEA وسائل

TEA کا یہ ویب پورٹل آپ کو اور آپ کے خاندان کو معلومات اور وسائل فراہم کرنے کے لئے تیار کیا گیا ہے تاکہ آپ کے بچے کی تعلیمی کامیابی کو یقینی بنایا جا سکے۔
***انگریزی متعلمین پورٹل ہوم پیج (txel.org)***

TXEL پورٹل پر بطور سبسکرائبر سائن اپ ہوں تاکہ دو لسانی ابھرتے طلباء کی معاونت کے طریقے کے بارے میں ایونٹس سے متعلق مفید وسائل، اپ ڈیٹس، اور معلومات موصول کر سکیں۔ سبسکرائب کرنے کے لیے ***یہاں*** کلک کریں۔




## کالج اور کیریئر کی تیاری

مختلف قسم کی ملازمتوں کے بارے میں سیکھنے کے ساتھ کالج کی تیاری ابتدائی طور پر شروع ہوتی ہے۔ مڈل اسکول میں، طلباء کے مابین مختلف قسم کی دستیاب کلاسز کے بارے میں بات چیت کا آغاز ہوتا ہے جس سے انہیں مختلف کیریئر کے لئے تیاری میں مدد ملے گی۔ اس آرٹیکل کا عنوان ہے *"کیریئر کے لیے تیاری کی اہمیت اپنی من پسند ملازمت کے لیے کیسے منصوبہ بندی کریں،"* محض اس کے بارے میں بات کریں۔ کیریئر کی تیاری، آرٹیکل واضح کرتا ہے کہ اتنی جلدی شروع ہونی چاہیئے جب ہائی اسکول کا آغاز ہوتا ہے۔ آپ کے بچے کے لیے یہ مفید ہو گا کہ وہ ہائی اسکول میں داخل ہونے سے پہلے اس بات کا اندازہ لگائے کہ ان کی دلچسپی کیا ہے۔ اس سے ان کے ہائی اسکول سے فارغ التحصیل ہونے سے پہلے درست کلاس میں داخل ہونے کے امکانات میں اضافہ ہو گا۔

آرٹیکل میں بتایا گیا ہے کہ آج کے روزگار کی مارکیٹ کے لیے تیاری کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ آپ اپنی دلچسپی کے حامل چند کیریئر کے راستے تلاش کریں، مختلف کیریئر کے اختیارات کے بارے میں جانیں اور کسی مشاورت کار سے بات کریں۔ جس دوران طلباء تعلیم حاصل کرتے رہتے ہیں، آرٹیکل میں بنیادی مہارت کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا ہے جیسے زبانی مواصلات، ٹیم ورک، اور تنقیدی سوچ طلباء کے کالج اور کیریئر دونوں میں کامیابی کے موقع کو بہتر بنائے گی۔
***نیوز لیٹر برائے والدین اور خاندان (smore.com)***